مطبوعات

مسیح موعود کی پہچان قرآن وحدیث کی روشنی میں	تالیف : مولانا مفتی محمد شفیع صاحب شائع کردہ : مکتبہ دارالعلوم کراچی نمبر ۱۴

قیمت : ایک روپیہ پچیس پیسے

یہ قابلِ قدر کتابچہ جس تصنیف یعنی علاماتِ قیامت اور نزولِ مسیح کا ایک باب ہے ۔ اس پر ان صفحات میں تبصرہ ہو چکا ہے ۔ مکتبہ دارالعلوم نے اس باب کی غیر معمولی اہمیت کے پیشِ نظر اسے الگ پمفلٹ کی صورت میں شائع کر دیا ہے ۔ اس مختصر سے رسالہ میں آخر زمانہ میں آنے والے مسیح علیہ السلام کی تمام نشانیاں اور علامات بحوالہ قرآن وحدیث جمع کر دی گئی ہیں تاکہ ہر دیکھنے والا ایک نظر دیکھ سکے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مسیح موعود کی جو علامات بیان کی ہیں وہ مرزا غلام احمد قادیانی میں موجود ہیں یا نہیں ۔ فاضل مصنف نے اس حقیقت کو اجاگر کرنے کے لیے اور عوام کے اندر ان علامات کی صحیح پہچان پیدا کرنے کے لیے انہیں ایک جدول کی صورت میں پیش کیا ہے جس کے ایک خانے میں آنے والے مسیح علیہ السلام کی علامات درج کی گئی ہیں اور دوسرے خانے میں قرآن یا حدیث کا حوالہ دے دیا گیا ہے ۔

یہ مفید رسالہ اس قابل ہے کہ اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی جائے ۔

ISLAM — ITS MEANING AND MESSAGE	مرتب : پروفیسر خورشید احمد صاحب پیش لفظ : سالم عزام شائع کردہ : اسلامک کونسل آف یورپ لندن

صفحات ۲۷۹ قیمت : درج نہیں ۔

یورپ میں اسلام کی تبلیغ واشاعت کی جو منظم کوششیں ہو رہی ہیں ان سے دنیا اب پوری طرح واقف